بند کیجیے | پرنٹ کیجیے | اپنے احباب کو ای میل کیجیے

جنگ

Share

پٹھان کوٹ ایئربیس حملے کا مقدمہ گوجرانوالہ میں درج

ڈپٹی سیکریٹری داخلہ کی درخواست پر سب انسپکٹر کی مدعیت میں 6 نامعلوم ملزمان کیخلاف بھارتی ایئربیس پر حملے کا کیس درج‘ دہشتگردی کی دفعات شامل‘ جے آئی ٹی باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کریگی‘ سی ٹی ڈی ترجمان

پاکستان نے سنجیدگی دکھادی‘ اب بھارت شکوک وشبہات سے نکلے‘ ثبوت ملے تو مسعود اظہر کیخلاف بھی کارروائی ہوگی‘ نیب کا پنجاب میں خیرمقدم‘ نندی پور‘ میٹرو منصوبوں کی تحقیقات پر تیار ہیں‘ رانا ثناء

گوجرانوالہ، اسلام آباد (نمائندہ جنگ، ایجنسیاں) وزیراعظم نواز شریف کی ہدایت پر قائم کی گئی خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی سفارش پر بھارت میں پٹھان کوٹ ایئربیس پر حملے کا مقدمہ گوجرانوالہ میں درج کرلیا گیا‘ انسداد دہشتگردی پولیس نے مقدمہ ڈپٹی سیکرٹری داخلہ اعتزاز الدین کی درخواست پر 6 نامعلوم دہشتگردوں کے خلاف درج کیا، جس میں قتل، اقدام قتل اور دہشتگردی کی دفعات شامل کی گئی ہیں‘ ایف آئی آر بھارتی قومی سلامتی مشیر کی جانب سے دی گئی معلومات اور دستاویزات کو مدنظر رکھ کر درج کی گئی ہے ‘مقدمے میں نامعلوم ملزمان کی شہریت کا ذکر نہیں‘ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم اس کیس کی تحقیقات کا باقاعدہ آغاز کریگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی پنجاب کے علاقے پٹھان کوٹ میں فوجی بیس پر حملے کا مقدمہ گوجرانوالہ میں سی ٹی ڈی پولیس نے درج کرلیاہے۔یہ مقدمہ ڈپٹی سیکرٹری وزارت داخلہ اعتزازالدین کی درخواست پر اور سب انسپکٹر کی مدعیت میں نامعلوم دہشتگردوں کے خلاف درج کیاگیاہے ، مقدمے میں302، 324، 109، 721 اور دہشتگردی کی دفعات شامل ہیں‘ مقدمے میں 6 نامعلوم افراد کو نامزد کیا گیا ہے تاہم پولیس حکام کی جانب سے کسی قسم کی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں کہ آیا یہ مقدمہ پاکستانی شہریوں کے خلاف درج کیا گیا ہے یاایئربیس پر حملے میں ملوث کسی ملزم کو گرفتار کیا گیاہے اوراس کی اطلاع پر مقدمہ درج کیا گیا ہے ‘ ایف آئی آر میں لکھا گیا ہے کہ بھارتی سکیورٹی ایڈوائزر کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ 5 سے 7 حملہ آور گوجرانوالہ ریجن سے بھارت میں داخل ہوئے اور پٹھانکوٹ ائیر بیس پر حملہ کیا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق پٹھان کوٹ ایئربیس حملے کی ایف آئی آر سی ٹی ڈی پولیس گجرانوالہ کی جانب سے 4 مبینہ حملہ آوروں اوران کے مبینہ معاونین کے خلاف درج کرلی گئی ہے‘ مقدمہ پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 302 , 324 اور 109 اور انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعات 7 اور 21 (آئی) کے تحت درج کیا گیاہے، جس کی ایف آئی آر نمبر 6/2016 ہے۔پٹھان کوٹ حملے کی تحقیقات کے حوالے سے جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) پہلے ہی تشکیل دی جاچکی ہے، اوراب مقدمے کے اندراج کے بعد باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کردیا جائے گا۔

لاہور(اپنے نامہ نگار سے،ایجنسیاں) وزیر قانون پنجاب رانا ثنااللہ نے کہاہے کہ پٹھان کوٹ ایئربیس حملے کا مقدمہ سی ٹی ڈی گوجرانوالہ میں 6 نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا ہے، پاکستان نے اپنی سنجیدگی دکھادی‘ بھارت کو اب شکوک وشبہات سے نکلنا ہوگا ،ثبوت ملے تو مولانا مسعود اظہر کے خلاف بھی کارروائی کریں گے‘ دہشت گردی اسی وقت ختم ہوگی جب بھارت اورافغانستان بھی ایک پیج پر ہوں گے،نیب کو پنجاب میں ویلکم کہتے ہیں ،نندی پور اور میٹرو منصوبوں کی تحقیقات کیلئے تیار ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پنجاب اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔رانا ثنااللہ نے کہا کہ پاکستان پٹھانکوٹ حملے کی شفاف تحقیقات کرے گا‘ بھارت نے جو معلومات فراہم کی ہیں ان کی بنیاد پر مقدمہ درج کیا ہے‘ جو دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے‘ اگر ہمیں دنیا میں اپنا امیج بہتر بنانا اور پاکستان کے خلاف دیگر ممالک کے پروپیگنڈے کو ختم کرنا ہے تو پھر ایسے اقدامات کرنا ہوں گے‘ ان کا کہنا تھا کہ جو موبائل نمبرز دیئے گئے ہیں ان پر کام ہورہاہے،مولانا مسعود اظہر کے خلاف ثبوت ملے تو ان کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی، تفتیشی ٹیم کو مکمل اختیار ہے وہ کسی بھی شخص کو گرفتار کرسکتی ہے‘ انہوں نے کہا کہ سرحد پار واقعے کی تحقیقات سے متعلق جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) بنے گی جس میں تمام عسکری اورسول انٹیلی جنس ایجنسیاں شامل ہوں گی‘ پٹھان کوٹ کے حوالے سے معلومات حاصل کی جائیں گی کہ وہ کون لوگ ہیں جو یہ عمل کررہے ہیں، ان کا تعلق بھارت سے ہے یا وہ پاکستان پر الزام لگانا چاہتے ہیں، ہمیں اپنے عمل سے ثابت کرنا ہوگا کہ دہشت گردی کسی بھی صورت میں قبول نہیں، ایپکس کمیٹی میں دہشت گردی کی تمام اقسام پر بات کی جاتی ہے‘ وزیر اعظم اور آرمی چیف کا مشن ملک کو دہشتگردی سے پاک کرناہے، نیشنل ایکشن پلان پر تیزی سے کام جاری ہے، نیب اگر پنجاب میں آنا چاہتی ہے تو ہم ان کو ویلکم کہیں گے ،نندی پور اور میٹرو بس جیسے منصوبوں کی تحقیقات کیلئے تیار ہیں، ہمارا مشن ملک سے کرپشن کا خاتمہ ہے اس کے خاتمے کیلئے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا، لیکن ایسا کوئی کام نہ کیا جائے جس غیر ملکی سرمایہ کاری متاثر ہو۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھیے | ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھیے